ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(178)

مورخہ 30.03.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیرکمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 17 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب،منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کومزید تیز کیا جائے،روزانہ کی بنیاد پر ہر اسٹیشن کی پراگرس چیک کی جارہی ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی و صدر احمد پور شرقیہ،تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 150 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ کینٹ،تھانہ مسافر خانہ،تھانہ صدر احمد پور شرقیہ،تھانہ صدر یزمان،تھانہ قائم پور اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 08 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 07 کلو 230 گرام چرس اور 110 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ کوتوالی،تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور،01 عدد کاربین 12 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کومزید تیز کیا جارہا ہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیرکمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب،منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (179)

30.03.24

بہاولپور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد،25 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے،انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں مسائل حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت حل ہوں،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 25 شہریوں کے مسائل دریافت کیئے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو فردا فردا تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت حل ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو SOP کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے،سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور ان کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل سن کر فوری متعلقہ افسران کو حکم جاری کرتے ہیں جس سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈی پی او اسد سرفراز خان اپنے دفتر کے باہر کھلی کچہری میں سائلین مسائل سننے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں